LGH/PGMI/AMC

Zahid 0304-4040225

جنرل ہسپتال کی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری، ایمرجنسی و آؤٹ ڈور میں 2294793 مریضوں کا علاج

ذاتی مسائل کو بالائے طاق رکھ کر ہمیں دکھی انسانیت کی خدمت کرنی چاہیے : پرنسپل پی جی ایم آئی

بغیر پرچی فیس لاکھوں مریضوں کو طبی سہولتیں دیں ،وزیراعظم کے ویژن پر چلیں گے :پروفیسر الفرید ظفر

2020 میں زیادہ بہتر پرفارمنس دکھائیں گے ،بلاتفریق شہریوں کو طبی سہولیات کی فراہمی جاری رکھی جائے گی: گفتگو

لاہور 8جنوری: ۔۔۔۔۔ڈاکٹری پیشہ پیغمبری ہے اوردکھی انسانیت کی خدمت کرنے والے ہی دنیاو آخرت میں سرخرو ہو تے لہذا ہمیں اپنے ذاتی مسائل کو بالائے طاق رکھتے ہوئے معاشرے کے پسے ہوئے طبقے کی خدمت کو اپنا نصب العین بنانا چاہئے۔ ان خیالات کا اظہار پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے لاہور جنرل ہسپتال کی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر محمود صلاح الدین، ڈائریکٹر ایمرجنسی ڈاکٹر رانا محمد شفیق، اے ایم ایس و ڈی ایم ایس صاحبان بھی موجود تھے۔ پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے بتایا کہ ادارے کے تمام شعبوں میں سینئر ڈاکٹرز کی تعیناتی اور کنسلٹنٹ کی دستیابی، جدید ومعیاری طبی سہولیات کی فراہمی سے 2019 کے دوران ایل جی ایچ کے ایمرجنسی اور آؤٹ ڈور میں 2294793 مریض آئے ۔انہوں نے انکشاف کیا کہ 2015 میں اس ہسپتال میں مجموعی طور پر 14لاکھ 79ہزار 682مریض آئے تھے۔ پرنسپل کا کہنا تھا کہ بغیر پرچی فیس علاج معالجہ کیا جارہا ہے جبکہ مریضوں کے علاوہ اُن کے لواحقین کو بھی آرام گاہ اور پناہ گاہ کی سہولتیں باہم پہنچائی جارہی ہیں نیز مخیر حضرات کے تعاون سے تینوں وقت کا کھانا بھی مہیا کیا جارہا ہے اور ایل جی ایچ صوبے کا واحد شفاء خانہ ہے جہاں ایوننگ آؤٹ ڈور شفٹ سے سرکاری و نیم اداروں کے ملازمین و شہری بھرپور استفادہ حاصل کرر ہے ہیں۔

پرنسپل پروفیسر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا کہ ایل جی ایچ کو ریکارڈ تعداد میں مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات باہم پہنچانے کا اعزاز حاصل ہے جو کہ وزیراعظم عمران خان، وزیراعلی پنجاب سردار عثمان بزدار اور وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر یاسمین راشد کے ویژن کا عکاس ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ جنرل ہسپتال میں شام کے اوقات میں بھی شعبہ آؤٹ ڈور لاکھوں مریضوں کو تشخیص اور علاج کی سہولتیں دے رہا ہے جبکہ ڈاکٹرز اور طبی عملے نے سال 2019 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔انہوں نے توقع ظاہر کی کہ انشاءاللہ سال 2020 گزشتہ برس کے مقابلے میں زیادہ بہتر پرفارمنس دکھائیں گے اور بلا تفریق شہریوں کو اس تاریخی ہسپتال میں طبی سہولیات کی فراہمی جاری رکھی جائے گی۔

پرنسپل نے گزشتہ برس کی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ ایمرجنسی میں 8لاکھ 97ہزار 478 مریضوں کو ادویات، آپریشن کا سامان، سی ٹی سکین سمیت تمام تشخیصی سہولیات مفت فراہم کی گئیں۔ آؤٹ ڈور میں 13لاکھ 97ہزار 315 مریضوں کا طبی معائنہ اور 12ماہ میں 86ہزار 278 مریضوں کو داخل کیا گیا اور 75ہزار 623 مختلف نوعیت کے آپریشن کئے گئے۔علاوہ ازیں 2 8ہزار 6 7 3 سی ٹی سکین، 2 2ہزار 7 7 9 ایم آر آئی ہوئے نیز 1 8 7 6 2 ڈائلسز، 6 0 4 9 گیسٹروسکوپی اور 7 8 7 7 7 ای سی جی کی گئیں۔اسی طرح 1 8 2 6 ایکو کارڈیو گرافی، 3781 فائبروسکین، 290 میموگرافی، 688 نیورو انجیو گرافی کی گئیں۔

☆☆☆☆